SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 1978

سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AIND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1978

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of section 2of Sindh Ordinance VI of 1972

۳۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of section 3 of Sindh Ordinance VI of 1972

۴۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

۵۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کے شیڈول کے تبدیلی

Amendment of Schedule to Sindh Ordinance VI of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ ۱۹۷۸

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 1978

سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AIND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1978

[۳۰ آگسٹ ۱۹۷۸]

سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کا آرڈیننس

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی:

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان کے تحت، لاز (کنٹی نیوئنس ان فورس) آرڈر، ۱۹۷۷ کے روشنی میں سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل

آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۸ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۲ کی ترمیم

Amendment of section 2of Sindh Ordinance VI of 1972

۲۔ سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں، جس کو بعد میں بھی مذکورہ آرڈیننس ہی کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ میں، شق (u) کو مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"(u) 'یونیورسٹی' جہاں کراچی میں بورڈس کے حوالے سے استعمال کیا جائے مطلب کراچی یونیورسٹی اور جہاں سندھ کے دوسرے بورڈس کے حوالے سے استعمال کیا جائے مطلب سندھ یونیورسٹی۔"

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of section 3 of Sindh Ordinance VI of 1972

۳۔ ترمیم ہونے والے آرڈیننس، کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

(i) شق (a) کی ذیلی شق (ii) کے آخر میں آنے والے لفظ "اور" کو ختم کیا جائے گا۔

(ii) شق (b) کے آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "؛اور" سے متبادل بنایا جائے گا۔

(iii) شق (b) کے بعد مندرجہ ذیل شق (c) شامل کی جائے گی:

"(c) سکھر میں ایک بورڈ ہو گا، جسے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، سکھر کہا جائے گا۔"۔

۴۔ترمیم ہونے والے آرڈیننس، کی دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (iii) میں:

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

(i) ذیلی شق (b) میں لفظ "اور" کو ختم کیا جائے گا۔

(ii) ذیلی شق (c) کے آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "؛اور" سے متبادل بنایا جائے گا۔

(iii) ذیلی شق (c) کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی شق (d) شامل کی جائے گی:

"(d) ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ سکھر، اسکول ایجوکیشن اور کالیج ایجوکیشن کی ڈائریکٹرس۔"۔

۵۔ترمیم ہونے والے آرڈیننس کے شیڈول میں، لفظ "حیدرآباد" جہاں بھی آئے اس الفاظ "حیدرآباد اور سکھر" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کے شیڈول کے تبدیلی

Amendment of Schedule to Sindh Ordinance VI of 1972

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔